﴿شرائط نامہ﴾

ٹھیکہ فیس مشتھری بورڈ اند ر حدود تحصیل منکیرہ برائے سال2015-16ء تحصیل کونسلمنکیرہ

1۔ یہ کہ میعاد ٹھیکہ عرصہ ایک سال کے لئے مورخہ 01-7-2015 تا 30-6-2016 ہوگی۔اس میں توسیع ہرگز نہ ہوگی۔

2۔ یہ کہ ہر بولی دہندہ کو نیلام کاروائی سے قبل بمطابق اشتہار مطلوبہ رقم بطور زر بیعانہ بصورت کال ڈیپازٹ/رجسٹریشن/شناختی کارڈ آفیسر نیلام کے پاس جمع کرانا ہوگا۔ناکام بولی دہندہ کو موقع پر زر بیعانہ واپس کردیا جائے گا۔جبکہ کامیاب بولی دہندہ کی یہ رقم میونسپل فنڈ میں جمع رہے گی۔جو کہ اس رقم کا 2% بطور سیکیورٹی جمع کرانے کے بعد بقیہ رقم 1/10 حصہ میں شامل کرلی جائے گی۔سیکیورٹی کی رقم بعداز میعاد ٹھیکہ تحصیل آفیسر فنانس کی طرف سے کلیرنس سرٹیفکیٹ جاری ہونے پر ٹھیکیدار کو قابل واپسی ہوگی۔

3۔ یہ کہ کامیاب بولی تابع منظوری ہاؤس تحصیل کونسل منکیرہ ہوگی۔جسے بولی منظور یا نامنظور کرنے کا اختیار ہوگا۔

4۔ ادائیگی یکمشت کی جائے گی اور جملہ واجبات بمعہ انکم ٹیکس وغیرہ ادا کرنے کے بعد ورک آرڈر جاری کیا جائے گا۔

5۔ یہ کہ ٹھیکیدار ابتدائی واجبات جمع کرانے کے بعد مروجہ شرح کے مطابق اشٹام پیپر پر معاہدہ ٹھیکہ تحریر و تکمیل کرانے کا پابند ہوگا جس کا تمام تر خرچہ بذمہ ٹھیکیدار ہوگا۔بغیر معاہدہ تحریر کئے ٹھیکہ کا چارج ہرگز نہ دیا جائے گا۔بصورت دیگر ٹھیکیدار کا جمع شدہ زر بیعانہ بحق TMA جمع کرکے دوبارہ نیلام کاروائی کی جائے گی۔جس میں ٹھیکیدار شامل ہونے کا مجاز نہ ہوگا۔

6۔ یہ کہ ٹھیکیدار قانون/رولز/بالائی لاز اور نوٹیفکیشن کے مطابق اندر حدود تحصیل منکیرہ مشتہری ٹیکس وصول کرنے کا مجاز ہو گا۔زائد وصولی ہرگز نہ کرے گا۔

7۔ ٹھیکیدار منظوری کا نوٹس ملنے کے بعد تین دن کے اندر ایک شخصی ضمانت مہیا کرے گا۔ضامن ٹھیکہ ہذا کی دو اقساط کی رقم کے برابر گارنٹی دے گا۔ضامن کا این ٹی این نمبر ہونا ضروری ہے۔ضامن کے بنک اکاؤنٹ میں دو اقساط کے برابر بیلنس کا ہونا بھی ضروری ہے۔جس کے لیے ضامن پچھلے 6 ماہ کی بنک سٹیٹمنٹ مہیا کرے گا۔اگر ٹھیکیدار ڈیفالٹ ہوگا تو عدم ادائیگی پر شخصی ضمانت دینے والے اور ٹھیکیدار کے خلاف برابر کاروائی کی جائے گی۔اور بذریعہ مال گزاری وصولی کی جائے گی۔

8۔ یہ کہ دوران میعاد ٹھیکہ **TMA** منکیرہ اور ٹھیکیدار کے مابین تنازع کی صورت میں دونوں فریقین ثالثی ایکٹ **1940** کے تحت ضلع حکومت سے رجوع کریں گے۔اور ثالث کا فیصلہ حتمی ہوگا۔پبلک اور ٹھیکیدار کے مابین تنازع کی صورت میں T.O(F) یا ایڈمنسٹریٹر کی جانب سے مقرر آفیسر ایک ہفتہ کے اندر فیصلہ کرے گا۔

9۔ یہ کہ مندرجہ بالا شرائط کی خلاف ورزی یا درج ذیل خلاف ورزیوں پر ٹھیکہ بغیر نوٹس منسوخ تصور ہوگا۔تاہم مفاد عامہ TMA/ منکیرہ میں ایڈمنسٹریٹر کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

- i۔ مقررہ وقت تک واجبات کی عدم ادائیگی پر۔
- ii۔ اوور چارجنگ/رولز/بائی لاز/نوٹیفکیشن کی خلاف ورزی پر۔
- iii۔ TMA بھکر کی جانب سے مفاد عامہ کیلئے جاری ہدایت کی خلاف ورزی پر۔

10- یہ کہ ٹھیکیدار کو مکمل اختیار ہوگا کہ وہ اپنے ٹھیکہ کی آمدن کی نگرانی کرے۔ نیز وصولی TMA کے مقرر کردہ سٹاف کے ذریعے کرے گا جس کی تنخواہ و دیگر الاؤنسز بذمہ ٹھیکیدار ہونگے۔

11- ٹھیکیدار اپنی آمدن کی وصولی گورنمنٹ کی طرف سے مہیا کردہ بکس پر کرے گا۔ اور وصولی کا حساب کتاب متعلقہ بکس میں رکھے گا۔ جسے ایڈمنسٹریٹر یا انکی طرف سے مقرر کردہ آفیسر چیک کرنے کا مجاز ہوگا۔ اور اختتام ٹھیکہ پر تمام استعمال شدہ بکس ٹھیکیدار واپس جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ نیز وصولی کیلئے استعمال ہونے والی بکس کی قیمت بذمہ ٹھیکیدار ہوگی۔

12- یہ کہ دوران معیاد ٹھیکہ کسی ناگہانی صورت حال یا کسی دیگر وجوہ کی بناء پر ٹھیکیدار سے کوئی رعایت نہیں ہوگی۔ نیز دوران معیاد ٹھیکہ صوبائی/وفاقی حکومت سے آمدہ ہدایات اور آکشن اینڈ کلکشن رائٹس رولز 2003 کی پابندی ٹھیکیدار اور TMA دونوں پر لازم ہوگی۔

13- ٹھیکیدار بمطابق ہدایات حکومت کل زرنیلام کا 10% مروجہ شرح کے مطابق انکم ٹیکس ٹھیکہ کی معیاد شروع ہونے سے قبل جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ اور پروفیشنل ٹیکس بھی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

14- تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن منکیرہ جس نسبت سے اور جس تاریخ سے مشتہری فیس کی شرح میں اضافہ کرے گی۔ اسی نسبت اور تاریخ سے زرٹھیکہ میں اضافہ کیا جائے گا جو کہ ٹھیکیدار کیلئے قابل قبول ہوگا۔

تحصیل آفیسر (فنانس)	تحصیل آفیسر (ریگولیشن)	تحصیل میونسپل آفیسر
TMA منکیرہ	TMA منکیرہ	TMA منکیرہ